© rasailojaraid.com



سے فارغ ہوئے تو اس وقت ہندوستان رسوم وبدعات کا گہوارہ بنا ہوا تھا۔ آپ نے ان بدعات کے خلاف جہاد کیا۔ بڑے بڑے مناظرے کئے اور مسلسل مقابلہ کیا۔ دلائل سے، تقریر سے، تحریر سے آپ نے احادیث کی بہت خدمت کی۔ اور معارف الحدیث کے نام سے اردو زبان میں جدید انداز میں احادیث کو آٹھ جلدوں میں مرتب کیا۔ آپ نے ماہنامہ "الفرقان" جاری کیا۔ جو ۶۵ سال سے مسلسل خدمت دین میں مصروف ہے۔ اور ایک شمع ہے جو جل رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کی عمر میں بڑی برکت دی۔ دیوبند کے قدیم ترین فضلاء میں سے تھے۔ آپ نے وقت کی خوب قدر کی۔ کوئی لمحہ ضائع نہیں کیا۔ آخری عمر تک تالیف وتصنیف کا سلسلہ جاری رہا۔ آخری عمر میں "انقلاب ایران کی حقیقت" نامی کتاب تصنیف کر کے ایک ذلزلہ برپا کر دیا۔ آپ کی وفات عالم اسلام کے لئے بہت بڑا صدمہ ہے۔ دارالعلوم حقانیہ آپ کے لواحقین کے غم میں برابر کا شریک ہے۔

دوسرا حادثہ علامہ قاضی محمد زاہد الحسینی کی وفات کا ہے۔ آپ بہت بڑے عالم اور شیخ طریقت تھے۔ ہمارے اکابرین ایک ایک کر کے رخصت ہو رہے ہیں۔ آپ گلستان مدنی کے آخری خوشہ چینوں میں سے تھے۔ اپنے شیخ حضرت شیخ الاسلام مولانا حسین احمد مدنی سے نسبت کی وجہ سے الحسینی لکھا کرتے۔ حضرت مدنی کے بڑے عاشق تھے۔ آپ کو ترجمہ قرآن سے بے انتہا عشق تھا۔ قریہ قریہ، شہر شہر قرآن کی تفسیر کرتے۔ ایک عالم نے آپ سے فیض حاصل کیا۔ آخری عمر میں ایبٹ آباد میں درس قرآن کا بہت بڑا درس ہوتا۔

آپ نے "چراغ محمد" کے نام سے حضرت شیخ الاسلام مولانا حسین احمد مدنی رحمہ اللہ کی مبارک سوانح لکھی۔ "چراغ محمد" حضرت شیخ الاسلام کا تاریخی نام بھی ہے۔ مولانا زاہد الحسینیؒ فیض وبرکت کا عظیم سرچشمہ تھے۔ آپ کو حضرت شیخ الحدیث مولانا عبدالحق نور اللہ مرقدہ سے بہت محبت تھی۔ کبھی ایسا نہ ہوا کہ حضرت شیخ الحدیث کا ذکر ہوتا اور آپ کی آنکھوں سے آنسو نہ نکلے ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جنت الفردوس میں مقام عالی سے سرفراز فرماویں۔

---

۲۳ جون کو جناب بریگیڈیر، کرنل فیوض الرحمن صاحب دارالعلوم تشریف لائے، اور جمعہ کا خطبہ دیا۔ آپ پاک فوج میں بریگیڈیر ہیں اور جی ایچ کیو میں مذہبی امور کے انچارج بھی ہیں۔ دارالعلوم حقانیہ اور شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق صاحبؒ سے ان کی بڑی عقیدت ہے۔ اور مہتمم حضرت مولانا سمیع الحق صاحب کے ساتھ ان کا بہت ہی اچھا انس وتعلق قائم ہے۔ جناب بریگیڈیر صاحب تقریباً ۱۵ کتابوں اور رسالوں کے ادیب بھی ہیں۔ اور جامعہ اشرفیہ سے فارغ ہیں، اچھے قاری بھی ہیں۔ اور پی۔ ایچ۔ ڈی ڈاکٹر بھی ہیں۔ آپ نے نماز جمعہ میں قرآن وحدیث اور اسلام اور جہاد کے موضوع پر طلباء کو ایک علمی اور پر مغز خطبہ دیا۔ جناب بریگیڈیر صاحب



© rasailojaraid.com